مطبوعات

اسلام کا نظامِ حیات

مؤلفہ جناب عبدالوہاب صاحب ظہوری۔

شائع کردہ: نفیس اکیڈمی، عابد روڈ، حیدرآباد، دکن۔ قیمت:۔ مجلد معہ گرد پوش ۴ روپے ۴ر

مولف نے یہ کتاب "المثل الکامل" (از محمد احمد جاد مولی بک) کے ایک باب کو پھیلا کر مرتب کی ہے اور نظام اسلامی کے مختلف شعبوں کی معلومات اس حد تک اس میں سمیٹی گئی ہیں کہ اوسط درجہ کی ذہانت رکھنے والے طبقہ کے ذوق کو تسکین دے سکیں۔ اس خاص طبقہ کے لیے یہ کتاب خاصی اچھی ہے، بالخصوص اسلام اور اسلامی نظام کا نام لینے والے نوجوان جنھیں اسلام سے غیر شعوری زبانی دلچسپی تو ہے مگر اس کا ابتدائی علم بھی نہیں رکھتے، اس کتاب کے ذریعے دینِ حق کی ایک جھلک نگاہ شعور سے دیکھ سکتے ہیں۔

مگر یہ کتاب اسلام کے موضوع پر شائع ہونے والے لٹریچر کے جس سیلاب کی ایک موج ہے، اس کا معیار ابتدا سے پست رہا ہے۔ عام طور پر ہمارا "اسلامی لٹریچر" مطالعہ و تحقیق اور فکر و نظر کے کم سے کم صرف سے تیار کیا جارہا ہے، حالانکہ دورِ جدید کی مخصوص علمی فضا میں اسلام کو پیش کرنے کے لیے بہت دماغ سوزی کی ضرورت ہے۔ ایک اور کمی ہمیں یہ بھی محسوس ہوتی ہے کہ یہ ساری مہم "کتاب سازی" کی ایک مہم بنتی جارہی مگر اپنے ساتھ کوئی اسلامی انقلابی تحریک نہیں رکھتی۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے لکھنے والے فکر و نظر کے نئے زاویوں سے اسلام کے نظام پر گہری نگاہ ڈالیں اور پھر جو کچھ پیش کریں اُسے اس ایمانی زور کے ساتھ پیش کریں جو مسلمانوں کی اجتماعی زندگی میں ایک عملی اسلامی انقلاب کو نمودار کردے۔